E-mail dailyshamal1991@gmail.com dailyshamal.com.pk

A.B.C CERTIFIED | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | صوبہ بھر میں سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار

The Daily SHAMAL ABBOTTABAD

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

بیاد نیاز پاشا جدون

فون نمبر 0992-385577

جلد نمبر 37 | پیر 14 جمادی الاول 1448ھ 26 اکتوبر 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 230

گڑھی شاہ محمد سکول پر 40 لاکھ خرچ، عمارت پھر بھی کھنڈر

کھلابٹ (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ مڈل سکول گڑھی شاہ محمد کے نام پر 40 لاکھ روپے سے زائد خرچ، عمارت تاحال کھنڈر، پی ٹی سی فنڈز کے استعمال پر سوالات اٹھ گئے 2016 سے عمارت ڈی مالش لسٹ میں شامل، پی ٹی سی فنڈز کے باوجود سکول بھوت (بقیہ صفحہ 2 نمبر 1)

بس اڈوں پر سہولتیں ناپید، مسافر خوار

ایبٹ آباد، ہری پور اور مانسہرہ سمیت ہزارہ کے اہم ٹرانسپورٹ اڈوں پر صاف پانی، واش رومز، خواتین کی انتظار گاہوں اور منظور شدہ کرایوں کی فہرستوں کی دستیابی کا جائزہ لینے کی ضرورت

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) ہزارہ ڈویژن کے اہم بس اڈوں پر مسافروں کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی کا معاملہ توجہ کا متقاضی ہے۔ جنرل بس اسٹینڈ ایبٹ آباد، ہری پور اور مانسہرہ سمیت حویلیاں، بالاکوٹ، اوگی اور بٹگرام کے اہم ٹرانسپورٹ اڈوں پر صاف پانی، واش رومز، مناسب بیٹھنے کی جگہ، خواتین کے لیے محفوظ انتظار گاہوں اور کرایوں کی منظور شدہ فہرستوں کی دستیابی کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ روزانہ سفر کرنے والے طلبہ، (بقیہ صفحہ 2 نمبر 2)

حویلیاں حادثہ میں جاں بحق و زخمی ہونے والے افراد خواتین و بچے

ٹھنڈیانی روڈ پر سردار شیر بہادر خان پر مبینہ قاتلانہ حملہ، فرزند زخمی

واقعے پر کل صبح 10 بجے ڈپٹی کمشنر آفس ایبٹ آباد میں حکام سے باضابطہ ملاقات کی جائے گی

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) ٹھنڈیانی روڈ پر سردار شیر بہادر خان پر مبینہ قاتلانہ حملے کا واقعہ پیش آیا ہے، جس میں ان کے فرزند سردار عمر شیر خان زخمی ہوگئے۔ فراہم کردہ (بقیہ صفحہ 2 نمبر 3)

طورو بلڈنگ خالی، متاثرین کیلئے متبادل انتظامات، سوالات اٹھنے لگے

عمارت غیر محفوظ قرار دے کر دکانیں سیل، حفاظتی اقدامات کے ساتھ متاثرین کی بحالی بھی ضروری

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) ٹانچی چوک میں واقع طورو بلڈنگ کو غیر محفوظ قرار دے کر خالی کرانے اور دکانیں سیل کرنے کے معاملے پر متاثرہ افراد کے لیے متبادل انتظامات کی اہمیت اجاگر ہونے لگی ہے۔ عمارت کی مخدوش حالت کے پیش نظر حفاظتی اقدامات (بقیہ صفحہ 2 نمبر 4)

مانسہرہ ٹاؤن شپ نوجوان کے قتل کا مقدمہ 4 سگے بھائی گرفتار

سوشل میڈیا پر تلخ کلامی کے بعد چھریوں کے وار سے زیر جاں بحق، دونوجوان زخمی ہوئے تھے، ملزمان سے تفتیش جاری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ٹاؤن شپ میں چھریوں کے وار سے 1 نوجوان کو قتل جبکہ 2 نوجوانوں کو زخمی کرنے والے (بقیہ صفحہ 2 نمبر 5)

ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر ایبٹ آباد انمول انور ایل پی جی فلنگ اسٹیشنز اور دکانوں کو خلاف ورزی پر سیل کر رہی ہیں

نمبل کی رہائشی خاتون کی نعش راول ڈیم سے برآمد

ایبٹ آباد نمبل کی رہائشی 24 سالہ خاتون کی موت کے حالات معمہ بن گئے، پولیس نے واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کردیں

ایبٹ آباد (وقاص باکسر سے) قتل یا خودکشی ایبٹ آباد سے تعلق رکھنے والی 24 سالہ مریم بی بی کی اسلام آباد راول ڈیم جھیل سے نعش برآمد پولیس نے قتل یا خودکشی (بقیہ صفحہ 2 نمبر 6)

حویلیاں جیپ کھائی میں جاگری 3 جاں بحق

ہیرلاں جان والی مسافر گاڑی کھائی میں گرنے سے متعدد افراد زخمی، خواتین و بچے بھی شامل، ریسکیو کے بعد ہسپتال منتقل

حویلیاں (نمائندہ شمال) تھانہ ناڑہ کی حدود میں جیپ کھائی میں گرنے سے 2 جاں بحق 7 افراد شدید زخمی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز حویلیاں سے (بقیہ صفحہ 2 نمبر 10)

پی ٹی آئی دور میں میرٹ سے ہٹ کر بھرتیوں کی انکوائری شروع

حق تلفی پر صوبہ بھر میں چوکیداروں کی بھرتیوں پر پہلے ہی بہت زیادہ واویلا ہوا ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) پی ٹی آئی دور میں بھرتیوں کی انکوائری شروع چند ماہ قبل ورکروں کو نوازنے اور میرٹ سے ہٹ کر چوکیداروں کی (بقیہ صفحہ 2 نمبر 7)

تھانہ خانپور کی حدود کے کئی دیہات میں آج بھی اسلحہ کی نمائش

شادی بیاہ اور دیگر خوشی کے موقوں پر فائرنگ کر کے نمائش بھی کی جاتی ہے

خان پور (اسپیشل رپورٹر) تھانہ خانپور کی حدود کے کئی دیہات میں آج بھی لوگ اسلحہ کی نمائش کر رہے ہیں علاقہ کے پہاڑی گاؤں بلی بگلہ درکوٹ دیگر علاقوں میں (بقیہ صفحہ 2 نمبر 8)

عدم شرکت، کریانہ یونین نے نئے مزدوری ریٹس مسترد کردیے

مزدوری ریٹس کے تعین کے لیے تمام متعلقہ فریقین کی شرکت اور باہمی مشاورت ضروری قرار

اوگی (نامہ نگار) کریانہ یونین نے ٹرک مزدوروں کی عدم شرکت کے باعث نئے مزدوری ریٹس مسترد کردیے، جنرل سیکرٹری ثاقب سواتی کریانہ (بقیہ صفحہ 2 نمبر 9)

حاجی مشتاق قریشی اور نبیل قریشی کو عمرے کی سعادت پر مبارکباد

روزنامہ شمال کراچی کے ڈپٹی ایڈیٹر اوران کے صاحبزادے کی وطن واپسی پر پرتپاک استقبال

پھلڑہ (محمد سعید سے) حاجی مشتاق قریشی اور نبیل قریشی کو عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد، روزنامہ شمال کراچی کے ڈپٹی ایڈیٹر حاجی مشتاق قریشی (بقیہ صفحہ 2 نمبر 11)

حاجی محمد مشتاق کو عمرہ کی ادائیگی پر مبارکباد دی جا رہی ہے

بالاکوٹ روڈ ڈمگلہ کے مقام پر ٹریفک حادثہ، تین افراد شدید زخمی

زخمیوں کو فوری طور پر مقامی ہسپتال پہنچایا گیا جہاں انہیں طبعی امداد دی گئی

تمہاہ (نمائندہ خصوصی) بالاکوٹ روڈ ڈمگلہ کے مقام پر ٹریفک حادثہ گاڑی میں سوار تین افراد شدید زخمی جنہیں فوری طور پر مقامی ہسپتال بالاکوٹ پہنچایا گیا (بقیہ صفحہ 2 نمبر 12)

دودھ کے نام پر شہریوں کی صحت سے مبینہ کھلواڑ

مانسہرہ میں ملاوٹ شدہ دودھ اور دہی کی فروخت پر تشویش، سخت قانونی اقدامات کی ضرورت

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) کارروائیوں کے باوجود مانسہرہ میں مبینہ ملاوٹ شدہ دودھ کی فروخت میں اضافہ، مانسہرہ میں ملاوٹ شدہ دودھ کا دھندا بے قابو، کارروائیوں (بقیہ صفحہ 2 نمبر 13)

اوگی کے علاقے چشکوٹ میں گیس سلنڈر کو اچانک آگ لگ گئی

گھر میں کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا تاہم ریسکیو سروس نے آگ پر قابو پالیا

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر +ڈسٹرکٹ نامہ نگار) اوگی کے علاقے چشکوٹ میں اسد نامی شخص کے گھر میں گیس سلنڈر کو اچانک آگ لگ گئی، تاہم (بقیہ صفحہ 2 نمبر 14)

حویلیاں، گہری کھائی میں گرنے والی مسافر بردار ڈالسن جیپ

گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج نمبرون میں آگاہی سیمینار

کیریئر کونسلنگ، انسانی حقوق اور خواتین کو بااختیار بنانے پر گفتگو کی گئی

ایبٹ آباد (بیورو رپورٹ) ایبٹ آباد کونسل کے زیر اہتمام گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج نمبرون میں کیریئر کونسلنگ، انسانی حقوق اور خواتین کو بااختیار بنانے کے موضوعات پر آگاہی سیمینار منعقد ہوا، جس میں کیریئر کونسلنگ (بقیہ صفحہ 2 نمبر 15)

پولیس شکایات سیل قائم کرنے اور بزرگوں کو سہولت دینے کا مطالبہ

بار، پریس کلب اور انسانی حقوق کے کارکنوں پر مشتمل غیر جانبدار فورم بنانے کی تجویز

ایبٹ آباد (بیورو رپورٹ) پولیس اختیارات کے مبینہ غلط استعمال اور شہریوں سے زیادتیوں کی شکایات کے ازالے کے لیے ڈسٹرکٹ بار، پریس کلب اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی علوم کی تعلیم انتہائی ضروری ہے

قرآن مجید آخرت میں ہمارے لیے نجات کا ذریعہ ثابت ہوگا، مولانا محمد عثمان

حویلیاں (نمائندہ شمال) دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی علوم کی تعلیم انتہائی ضروری ہے قرآن مجید آخرت میں ہمارے لیے نجات کا ذریعہ ثابت ہو گا علما (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

ایبٹ آباد پولیس نے گمشدہ 15 سالہ بچے کو تلاش کرلیا

تھانہ سٹی پولیس نے فوری کارروائی کرکے صائم کو بحفاظت والد کے حوالے کردیا

ایبٹ آباد (بیورو رپورٹ) تھانہ سٹی پولیس نے بروقت کارروائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

بٹل پولیس کی کارروائی، 12 پول غیر قانونی لکڑی برآمد

لکڑی سے لدی گاڑی پکڑ لی گئی، مزید کارروائی کے لیے محکمہ جنگلات کے حوالے کرنے کا فیصلہ

بٹل (نامہ نگار) تھانہ بٹل پولیس نے رات گئے دورانِ گشت کارروائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

مانسہرہ ٹول پلازہ ختم کرنے کا مطالبہ زور پکڑنے لگا

ایبٹ آباد ہائی کورٹ اور ہسپتالوں میں جانے والے شہری بار بار ٹول ٹیکس کی ادائیگی سے پریشان

مانسہرہ (چیف رپورٹر) مانسہرہ کی عوام ٹول پلازہ کے نام پر بہتہ وصولی سے نالاں ایبٹ آباد ہائی کورٹ اور ہسپتالوں میں آنے والی عوام مستقل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

مانسہرہ تجاوزات آپریشن سفارشوں سے بچانے کی کوششیں

تھڑے ختم کرنے کی مہلت کے باوجود بعض دکانداروں پر عملدرآمد نہ کرنے کا الزام، شہریوں کا ڈپٹی کمشنر سے بلاامتیاز کارروائی کا مطالبہ

مانسہرہ (نمائندگان شمال) تجاوزات کے خلاف آپریشن، بعض دکاندار ضلعی انتظامیہ کی آنکھوں میں دھول جھونکنے لگے، سرکاری اراضی پر قائم تھڑے ختم کرنے کے بجائے مبینہ طور پر بااثر افراد اور بعض سرکاری ملازمین سے سفارشیں کرانے کی کوششیں، شہری و سماجی حلقوں کا ڈپٹی کمشنر مانسہرہ سے بلاامتیاز کارروائی کا مطالبہ۔ ایک ہفتہ قبل اسسٹنٹ کمشنر مانسہرہ ثنا فاطمہ خان کی نگرانی میں کشمیر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

چناب نگر میں دوروزہ تحفظ ختم نبوت کانفرنس 29، 30 اکتوبر کو منعقد ہوگی

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ نامہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر) مسلم کالونی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

بالاکوٹ میں سوزوکی گاڑی الٹ گئی، تین افراد زخمی

نتیجے میں مبشر، اکمل اور سعد نامی زخمیوں کو سرکاری ہسپتال پہنچایا گیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) بالاکوٹ میں سوزوکی گاڑی الٹ گئی، تین افراد زخمی، کنگ عبداللہ ہسپتال منتقل، تفصیلات کے مطابق بالاکوٹ کے علاقے ڈمگلہ کے مقام پر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

مانسہرہ پولیس کا ہوٹلوں میں سرچ آپریشن، خلاف ورزیوں پر مقدمات درج

ریکارڈ محفوظ نہ رکھنے اور سی سی ٹی وی کیمرے غیر فعال ہونے پر ہوٹل مالکان کے خلاف کارروائی

مانسہرہ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او مانسہرہ محمد وقاص خان کے احکامات پر ضلع بھر میں ہوٹلوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں پولیس نے رات گئے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

بالاکوٹ پولیس کا نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن

بالاکوٹ (نامہ نگار) نیشنل ایکشن پلان کے تحت بالاکوٹ پولیس نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

یکم نومبر سے غیر قانونی افغان باشندوں کی پکڑ دھکڑ کا امکان

پولیس نے تھانہ سطح پر ڈیٹا مرتب کرنے اور خصوصی ٹیمیں تشکیل دینے کی تیاری شروع کر دی

پھلڑہ (محمد سعید سے) ڈیڈ لائن ختم ہوتے ہی بڑا منظر سامنے آ گیا ! کوہاٹ سے کتنے افغان مہاجرین وطن واپس چلے گئے؟ جانکپیر پختونخوا میں غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف یکم نومبر سے حتمی کریک ڈاؤن کا آغاز کرنے کا فیصلہ خیبر پختونخوا میں حکومت کی تبدیلی اور نئے انتظامی سیٹ اپ کے قیام کے ساتھ ہی غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف ریاست کا گھیرا تنگ کر دیا گیا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

ایبٹ آباد ایبٹ آباد کونسل کے زیر اہتمام گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج نمبرون میں کیریئر کونسلنگ، انسانی حقوق اور خواتین کو بااختیار بنانے کے موضوعات پر آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا

رکن خیبر پختونخوا اسمبلی آمنہ سردار کی وزیر اعظم سے ملاقات

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) رکن خیبر پختونخوا اسمبلی آمنہ سردار کی وزیر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

ڈی پی او ایبٹ آباد ہارون رشید کا قابلِ تحسین اقدام، سفری سہولت کا حکم

خاتون کی مدد کے لیے پولیس اہلکار تعینات کرنے اور مستقل سفری سہولت فراہمی کی ہدایات جاری

ایبٹ آباد (بیورو رپورٹ) ڈی پی او ایبٹ آباد ہارون رشید خان نے خصوصی خاتون کو درپیش سفری مشکلات کا نوٹس لیتے ہوئے ان کے مسئلے کے حل کے لیے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

ہری پور میں گرانفروشوں کے خلاف کارروائی، نرخ نامے چیک

فردا احسان کا مختلف بازاروں کا معائنہ، صفائی برقرار رکھنے اور سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کی ہدایت

ہری پور (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر اول فردا احسان نے مختلف بازاروں کا تفصیلی معائنہ کیا اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، سرکاری نرخ ناموں اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

پیپلز پارٹی کی تاریخ قربانیوں سے بھری پڑی ہے، بشارت اعوان

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) انٹرنیشنل مزدور لیڈر اور پاکستان پیپلز پارٹی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

ہزارہ پولیٹیکل آپریشن کے 33 کارکنوں کی گرفتاری یا سزا کا دعویٰ

انصاف لائرز فورم کی فہرست میں 111 افراد دفعہ 491 اور 222 افراد 3 ایم پی او کے تحت نامزد

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ہری پور میں تحریک انصاف کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن، 33 کارکنان ورہنما 491 اور 3MPO کے تحت لاپتہ/گرفتار انصاف لائرز فورم ILF ہری پور کی جانب سے جاری کردہ فہرست، دوسری بار سیاسی قید و بند، پی ٹی آئی کا سیاسی انتقام کا الزام ہری پور سے پاکستان تحریک انصاف کے 33 کے قریب کارکنان و رہنماؤں کو 491 اور 3 M P O کے تحت گرفتار یا لاپتہ

بفہ میں نیشنل ایکشن پلان کے تحت سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن

لیڈیز پولیس سمیت نفری کی کارروائی، مکانات کی چھان بین، کوائف کی جانچ پڑتال

مانسہرہ (بیورو رپورٹ) نیشنل ایکشن پلان کے تحت تھانہ بفہ کی حدود میں پولیس نے لیڈیز پولیس کے ہمراہ ہفتہ وار سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن کیا۔ اس دوران کرایہ کے مکانات اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

سابق ایم پی اے نثار صفدر خان جدون کی حافظ عمر خان کی دستار بندی کی تقریب میں شرکت

حویلیاں (نامہ نگار) سابق رکن صوبائی اسمبلی نثار صفدر خان جدون نے بابو جاوید اقبال، شانی

خانپور میں تیز رفتار ڈمپر بجلی کے پول سے ٹکرا گیا

خانپور (نامہ نگار) مغل آباد میں موڑ کاٹتے ہوئے تیز رفتار ڈمپر بجلی کے پول سے

پٹن میں بھنگ کی کاشت تلف، 5 کنال رقبہ کلیئر

لوئر کوہستان پولیس، ایلیٹ فورس اور محکمہ زراعت کی مشترکہ کارروائی، مقدمہ درج

پٹن (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر لوئر کوہستان ظفر احمد خان کے احکامات پر پولیس نے پٹن کے علاقے چھوا درہ میں کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 4 سے 5 کنال رقبے پر

ہزارہ قومی محاذ پاکستان لیبر ونگ ایبٹ آباد کی تنظیموں کا اعلان

اسد جاوید خان ہزارہ قومی محاذ پاکستان لیبر ونگ کو بھی متحرک اور مضبوط بنائیں گے

پھلڑہ (محمد سعید سے) ہزارہ قومی محاذ پاکستان لیبر ونگ ضلع تحصیل، اور سٹی ایبٹ آباد کی تنظیموں کا اعلان کر دیا گیا۔ ہزارہ قومی محاذ محنت کشوں کی جماعت ہے۔ اسد جاوید (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

ہیڈ ماسٹر مقبول شاہ اپنے عہدے سے ریٹائرڈ ہوگئے

ہری پور (نیوز رپورٹر) گورنمنٹ ہائی سکول بیل کے ہیڈ ماسٹر مقبول (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

قیمتی درختوں کی کٹائی کا عمل نہیں روکا جاسکا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) خیبر پختونخوا میں محکمہ جنگلات کے افسران (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

ہری پور میں پیٹرول پمپس کی چیکنگ، پیمانے اور قیمتیں جانچ لی گئیں

ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر فردا احسان کی جانب سے مختلف پمپس کا معائنہ کیا گیا

ہری پور (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر اول فردا احسان نے مختلف پیٹرول پمپس کا معائنہ کیا اور پیٹرول کی قیمتوں، پیمانوں اور دیگر متعلقہ امور کا جائزہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

ڈی ایچ کیو ہزارہ پیور میں صفائی کے ناقص انتظامات مریض پریشان

گندگی کے ڈھیروں، کچرا جلانے اور آلودہ بستروں کی شکایات، شہریوں کا ایم ایس اور ہسپتال انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالات

ہری پور (گل جان خان سے) ہری پور DHQ ہسپتال کے ایم ایس کی کمزور گرفت، سوپر بھی دن 9 بجے ڈیوٹی پر حاضر ہونے لگے، او پی ڈی میں آنے والے مریضوں اور ان کے لواحقین کو سخت مشکلات کا سامنا DHQ ہسپتال کے خاکروب مریضوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

ایبٹ آباد میڈیکل کالج کی ڈاکٹر بخت مینا نظام اور ڈاکٹر آمنہ رستم کا سی پی آئی آر سی 2026 میں تحقیقی مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے کے بعد گروپ فوٹو

ایبٹ آباد پولیس کی کارروائی، 2 ملزمان گرفتار، 3 مقدمات درج

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) ایبٹ آباد پولیس کی کارروائی، 2 ملزمان گرفتار، 3 مقدمات درج (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

خانپور۔ مغل آباد میں موڑ کاٹتے ہوئے تیز رفتار ڈمپر بجلی کے پول سے ٹکرا گیا۔ بجلی کے دو پول متاثر

امیر جماعت اسلامی ہزارہ عبدالرزاق عباسی سینئر صحافی شیخ نذیر سے گفتگو کر رہے ہیں

وزیر اعظم میاں شہباز شریف ایم پی اے آمنہ سردار سے بات چیت کرتے ہوئے

اسسٹنٹ کمشنر افراسیاب زبیر ہنڈل محمد علی خان جدون انہیں یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

ایڈیٹر
خرم شہزاد جدون
فون نمبر 0345-9541220

روزنامہ شمال، ایبٹ آباد، سوات، مظفر آباد، کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے

نیاز پاشا جدون پرنٹر و پبلشر نے پاشا پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر ایبٹ آباد سے شائع کیا

روزنامہ شمال، خیبر پختونخواہ، پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

سروے گیلپ۔ این آر سی۔ آئی سی ایل

ایبٹ آباد ہیڈ آفس
پلاٹ نمبر A-6 سائل انڈسٹریل اسٹیٹ، ایبٹ آباد
فون نمبر 0992-385577
موبائل نمبر 0311-8185558
E-mail:dailyshamal1991@gmail.com
website:shamal.com.pk

سوات
حاجی بابا چوک بینگلور و سوات
0946-711788

مظفر آباد
عقب جی پی او نوز دایوان صدر مظفر آباد
05822-446938

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر پلاز ونز و کاٹیج والا موٹرز فورتھ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبر: 021-2762266-2762241
E-mail:
shamalkarachi@yahoo.com

راولپنڈی / اسلام آباد
حاجی وحید الزمان
03345008600

مانسہرہ بیورو
شہزاد جہانگیری
فون نمبر: 0300-8111316

شری پور بیورو
0315-5906226
جاوید عباسی
ایس پی آفس، سرکلر روڈ بالمقابل پائلٹ سکول گیٹ نمبر 2 ہزارہ پبلک

تناول بیورو چیف
0343-9555768
عبدالقدیر

سوموار 14 جمادی الاول 1448ھ 26 اکتوبر 2026ء

مہنگائی کے سامنے بے بس گھرانے

آٹا، بجلی، گیس اور روزمرہ اشیائے ضرورت یہ کے اخراجات نے عام آدمی کا بجٹ بگاڑ دیا مہنگائی اب محض معاشی بحث نہیں رہی، بلکہ عام گھرانے کی روزمرہ زندگی کا سب سے بڑا امتحان بن چکی ہے۔ آٹا، گھی، دالیں، سبزیاں، بجلی اور گیس کے اخراجات نے محدود آمدن والے خاندانوں کو اس مقام پر لا کھڑا کیا ہے جہاں ماہانہ بجٹ بنانا بھی مشکل اور اسے پورا کرنا اس سے کہیں زیادہ دشوار ہو گیا ہے۔ تنخواہ وہی ہے، آمدن کے ذرائع محدود ہیں، مگر ضروریات پوری کرنے کی قیمت مسلسل بڑھتی محسوس ہوتی ہے۔ ہزارہ کے شہری اور دیہی علاقوں میں محنت کش، دیہاڑی دار، چھوٹے ملازمین اور پنشن پر گزارا کرنے والے افراد اس صورتِ حال سے براہِ راست متاثر ہوتے ہیں۔ ایک گھرانے کی آمدن کا بڑا حصہ راشن، کرائے، بچوں کی تعلیم، علاج اور آمدورفت پر خرچ ہو جائے تو اچانک پیدا ہونے والا کوئی اضافی خرچ پورے مہینے کا حساب بگاڑ دیتا ہے۔ ایسے حالات میں سب سے پہلے غیر ضروری اخراجات نہیں بلکہ بعض اوقات بنیادی ضروریات ہی محدود کرنا پڑتی ہیں۔ بجلی اور گیس کے بلوں کا معاملہ بھی عام شہری کے لیے خاص تشویش کا باعث ہے۔ سردیوں میں گیس کی قلت یا کم پریشر کے باعث متبادل ایندھن استعمال کرنا پڑے تو گھریلو بجٹ پر دوہرا بوجھ پڑتا ہے۔ ایل پی جی کی قیمتوں اور دستیابی سے متعلق شکایات بھی ایسے خاندانوں کی مشکلات بڑھا سکتی ہیں جو پائپ لائن گیس سے محروم ہیں۔ سوال یہ ہے کہ بنیادی سہولتوں کے اخراجات ہی اگر عام آدمی کی قوتِ برداشت سے باہر ہو جائیں تو وہ اپنی دیگر ضروریات کیسے پوری کرے گا؟ مہنگائی پر قابو پانے کے لیے صرف اجلاس، اعلانات اور نرخ نامے جاری کرنا کافی نہیں۔ ضروری ہے کہ بازاروں میں قیمتوں کی باقاعدہ نگرانی ہو، سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور ذخیرہ اندوزی و ناجائز منافع خوری کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے۔ ایبٹ آباد، مانسہرہ، ہری پور اور ہزارہ کے دیگر اضلاع میں انتظامیہ کو قیمتوں اور دستیابی کی صورتِ حال کا جائزہ لے کر عوام کو واضح طور پر بتایا جانا چاہیے کہ نگرانی کے اقدامات سے عملی طور پر کیا بہتری آئی۔ اس کے ساتھ حکومت کو کم آمدن والے گھرانوں کے لیے امدادی اقدامات کو مؤثر اور شفاف بنانا ہوگا۔ روزگار کے مواقع میں اضافہ، محنت کشوں کی آمدن کا تحفظ اور بنیادی سہولتوں کی مناسب قیمتوں پر فراہمی پائیدار بہتری کے لیے اہم ہیں۔ ریلیف ایسا ہونا چاہیے جو مستحق خاندان تک پہنچے اور جس کے نتائج کا جائزہ بھی لیا جا سکے۔ مہنگائی کے اثرات کو صرف معاشی اعداد و شمار سے نہیں پرکھا جا سکتا؛ اس کا اصل اندازہ اس گھرانے سے لگایا جا سکتا ہے جو مہینے کے آخر میں راشن، بجلی کے بل اور بچوں کی ضروریات میں سے کسی ایک کو ترجیح دینے پر مجبور ہو۔ عوام کو ایسے اقدامات درکار ہیں جن کا اثر ان کے باورچی خانے، گھریلو بجٹ اور معیارِ زندگی پر نظر آئے۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کے لیے ضروری ہے کہ مہنگائی کے مسئلے کو محض انتظامی کارروائی تک محدود نہ رکھیں بلکہ عوام کی قوتِ خرید بہتر بنانے کے لیے قابلِ عمل اقدامات کریں۔ عام آدمی کا مطالبہ غیر معمولی آسائشیں نہیں، بلکہ اتنا ریلیف ہے کہ وہ اپنی محنت کی آمدن سے اپنے خاندان کی بنیادی ضروریات پوری کر سکے۔

بچوں کا سوشل میڈیا: پابندی یا تحفظ؟

آج کا بچہ آنکھ کھولتے ہی جس دنیا سے آشنا ہوتا ہے، وہ صرف گھر، اسکول اور محلے تک محدود نہیں رہی۔ موبائل کی ایک اسکرین اسے چند لمحوں میں دنیا بھر کے لوگوں، خیالات اور معلومات سے جوڑ دیتی ہے۔ یہی سہولت کبھی علم کا دروازہ کھولتی ہے اور کبھی ایسے خطرات سامنے لے آتی ہے جنہیں ایک کم عمر ذہن سمجھ نہیں پاتا۔ اسی لیے سولہ سال سے کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال پر عمر کی حد اور حفاظتی اقدامات پر سنجیدگی سے غور ضروری ہے۔

دنیا کے کئی ممالک میں بچوں کے سوشل میڈیا استعمال پر پابندی یا عمر کی حد مقرر کرنے کی تجاویز زیرِ غور ہیں۔ مقصد بچوں کو آن لائن ہراسانی، نامناسب مواد، ذہنی دباؤ اور دیگر خطرات سے بچانا ہے۔ پاکستان میں بھی یہ بحث اہم ہوتی جا رہی ہے، کیونکہ بہت سے بچے موبائل فون اور سوشل میڈیا تک آسانی سے رسائی رکھتے ہیں۔

یہ مسئلہ صرف پاکستان کا نہیں، پوری دنیا کا مشترکہ چیلنج ہے۔ حکومتیں اس بات پر غور کر رہی ہیں کہ بچوں کے تحفظ اور ان کی ڈیجیٹل آزادی کے درمیان توازن کیسے قائم کیا جائے۔ سوال یہ ہے کہ کیا مکمل پابندی واقعی حل ہے یا ایک جامع حکمتِ عملی کی ضرورت ہے؟

سوشل میڈیا کا سب سے بڑا نقصان بچوں کی ذہنی صحت پر پڑ سکتا ہے۔ دوسروں کی خوب صورت تصاویر، کامیابیاں اور ظاہری خوشیاں دیکھ کر بعض بچے اپنی زندگی کو کمتر سمجھنے لگتے ہیں۔ وہ بھول جاتے ہیں کہ سوشل میڈیا پر دکھائی جانے والی دنیا اکثر حقیقت کا مکمل عکس نہیں ہوتی۔

وقت کا بے قابو استعمال بھی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ مختصر ویڈیوز، مسلسل نوٹیفکیشنز اور دلچسپ مواد بچوں کو گھنٹوں اسکرین کے سامنے بٹھا سکتے ہیں۔ نتیجتاً نیند متاثر ہوتی ہے، جسمانی سرگرمی کم ہو جاتی ہے اور پڑھائی پر توجہ گھٹنے لگتی ہے۔

بچپن شخصیت سازی کا اہم ترین دور ہے۔ بچوں کو کھیلنے، کتابیں پڑھنے، گھر والوں کے ساتھ وقت گزارنے اور دوستوں سے براہِ راست ملنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر موبائل فون ان سرگرمیوں کی جگہ لے لے تو ان کی سماجی اور جذباتی نشوونما متاثر ہو سکتی ہے۔

آن لائن ہراسانی بھی ایک سنگین خطرہ ہے۔ تضحیک، دھمکیاں، توہین آمیز تبصرے اور جھوٹی افواہیں بچوں کی خود اعتمادی کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ کم عمر بچے اکثر یہ نہیں جانتے کہ ایسی صورتِ حال میں کس سے مدد لینی چاہیے۔

اجنبی افراد کا بچوں سے رابطہ قائم کرنا بھی تشویش ناک ہے۔ بعض لوگ دوستی، ہمدردی یا تحائف کے ذریعے بچوں کا اعتماد حاصل کرتے ہیں۔ بعد میں یہی تعلق ذاتی معلومات، نامناسب تصاویر، بلیک میلنگ یا استحصال کا سبب بن سکتا ہے۔ ہر خطرناک رابطہ ابتدا ہی سے مشکوک دکھائی نہیں دیتا، اس لیے بچوں کی آگاہی ضروری ہے۔

ذاتی معلومات کا تحفظ بھی اہم ہے۔ بچے کبھی اپنی تصاویر، اسکول کا نام، رہائش کا علاقہ یا روزمرہ معمولات غیر ارادی طور پر شیئر کر دیتے ہیں۔ یہ معلومات غلط ہاتھوں میں پہنچ کر ان کی رازداری اور حفاظت کے لیے خطرہ بن سکتی ہیں۔ انہیں سمجھنا چاہیے کہ انٹرنیٹ پر شیئر کی گئی چیز ہمیشہ مکمل طور پر واپس نہیں لی جا سکتی۔

غلط معلومات اور گمراہ کن مواد بھی بچوں کے لیے بڑا چیلنج ہیں۔ کم عمر صارفین کے لیے خبر، افواہ، اشتہار اور مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ مواد میں فرق کرنا آسان نہیں ہوتا۔ اگر انہیں معلومات کی تصدیق کا طریقہ نہ سکھایا جائے تو

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی

engr.bakht@gmail.com

وہ جھوٹی خبروں اور نقصان دہ نظریات سے متاثر ہو سکتے ہیں۔

تاہم، سوشل میڈیا کا ایک مثبت پہلو بھی ہے۔ مناسب نگرانی کے ساتھ بچے تعلیمی مواد، سائنسی معلومات، زبانیں اور تخلیقی ہنر سیکھ سکتے ہیں۔ وہ دنیا کے مختلف معاشروں، ثقافتوں اور خیالات سے بھی واقف ہو سکتے ہیں۔

بہت سے بچے آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے پروگرامنگ، گرافک ڈیزائن، فنون اور دیگر مفید موضوعات سیکھ رہے ہیں۔ اس لیے اصل مسئلہ ٹیکنالوجی نہیں، بلکہ اس کا استعمال، دورانیہ اور دستیاب مواد ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا سولہ سال سے کم عمر بچوں پر مکمل پابندی عملی طور پر ممکن ہے؟ قانون بنانا آسان ہے، مگر اس پر مؤثر عمل درآمد مشکل۔ بچوں کے پاس ذاتی موبائل، گھر کے مشترکہ آلات اور مختلف پلیٹ فارمز تک رسائی ہوتی ہے۔

بعض بچے والدین کے اکاؤنٹس استعمال کر سکتے ہیں، غلط عمر درج کر سکتے ہیں یا دوسرے پلیٹ فارمز کا رخ کر سکتے ہیں۔ یوں پابندی کا مقصد پورا ہونے کے بجائے بچے غیر محفوظ آن لائن جگہوں تک بھی پہنچ سکتے ہیں۔

عمر کی تصدیق بھی ایک پیچیدہ مسئلہ ہے۔ اگر کمپنیوں سے ہر صارف کی عمر معلوم کرنے کا مطالبہ کیا جائے تو ذاتی معلومات جمع کرنا پڑیں گی، جس سے رازداری کے نئے خدشات پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس لیے ایسا نظام ضروری ہے جو بچوں کو تحفظ دے اور شہریوں کی نجی معلومات بھی محفوظ رکھے۔

پاکستان میں یہ مسئلہ مزید پیچیدہ ہے۔ مختلف علاقوں میں ڈیجیٹل سہولتوں، والدین کی آگاہی اور تعلیمی وسائل میں واضح فرق پایا جاتا ہے۔ بہت سے خاندانوں کے لیے موبائل فون تعلیم اور معلومات کا اہم ذریعہ ہے۔ اس لیے بغیر متبادل انتظام کے پابندی بعض بچوں کو مفید مواقع سے محروم کر سکتی ہے۔

اس کا مطلب یہ نہیں کہ بچوں کو خطرات کے حوالے کر دیا جائے۔ حکومت کو واضح قوانین بنانے، ہراسانی اور استحصال کے خلاف کارروائی کرنے اور سوشل میڈیا کمپنیوں کو جواب دہ بنانے کی ضرورت ہے۔ بچوں کے اکاؤنٹس کے لیے مضبوط رازداری، بہتر نگرانی اور فوری شکایتی نظام ضروری ہیں۔

والدین کا کردار سب سے اہم ہے۔ صرف موبائل دے کر یہ توقع نہیں کی جا سکتی کہ بچے ہر خطرے کو خود پہچان لیں گے۔ والدین کو بچوں سے کھل کر بات کرنی چاہیے اور انہیں سمجھانا چاہیے کہ اجنبیوں سے ذاتی معلومات یا تصاویر شیئر کرنا کیوں خطرناک ہے۔ اعتماد کا رشتہ بچوں کو مشکل وقت میں مدد مانگنے کا حوصلہ دیتا ہے۔

گھروں میں موبائل استعمال کے واضح اصول بھی ہونے چاہئیں۔ کھانے، خاندانی وقت اور سونے سے پہلے اسکرین کا استعمال محدود کیا جا سکتا ہے۔ بچوں کو کھیل، مطالعے، تخلیقی سرگرمیوں اور دوستوں کے ساتھ وقت گزارنے کی ترغیب دینی چاہیے۔ مقصد صرف پابندی نہیں، زندگی میں توازن پیدا کرنا ہونا چاہیے۔

اسکولوں کو بھی ڈیجیٹل آگاہی کو تعلیم کا حصہ بنانا چاہیے۔ بچوں کو معلومات کی تصدیق، سائبر ہراسانی کی شکایت اور ڈیجیٹل شناخت کے تحفظ کے طریقے سکھائے جائیں۔ انہیں یہ بھی سمجھایا جائے کہ لائکس اور فالورز کسی انسان کی اصل قدر نہیں بتاتے۔

سوشل میڈیا کمپنیوں کو بھی اپنی ذمہ داری قبول کرنا ہوگی۔ کم عمر صارفین کے لیے خودکار حفاظتی ترتیبات، رات کے اوقات میں نوٹیفکیشنز کی حد، نامناسب مواد کی روک تھام اور والدین کے لیے مناسب نگرانی کے اختیارات ضروری ہیں۔ صرف تنبیہ کافی نہیں؛ پلیٹ فارمز کو اپنے ڈیزائن اور کاروباری طریقوں میں بھی اصلاح کرنا ہوگی۔

ہر بچے کی ضرورت ایک جیسی نہیں ہوتی۔ بارہ سالہ بچے اور پندرہ سالہ نوجوان کی سمجھ، ضروریات اور آن لائن سرگرمیوں میں فرق ہوتا ہے۔ اس لیے عمر کے مطابق حفاظتی اقدامات، والدین کی نگرانی اور خطرناک خصوصیات پر پابندیاں زیادہ متوازن راستہ فراہم کر سکتی ہیں۔

اس بحث میں بچوں کی آواز بھی شامل ہونی چاہیے۔ ان سے پوچھنا ضروری ہے کہ وہ سوشل میڈیا کیوں استعمال کرتے ہیں، انہیں کن مشکلات کا سامنا ہے اور کون سے حفاظتی اقدامات ان کے لیے مؤثر ہو سکتے ہیں۔ اس سے زیادہ حقیقت پسندانہ پالیسیاں بنانے میں مدد ملے گی۔

پاکستان کے لیے بہتر راستہ یہ ہے کہ پابندی کو واحد حل نہ سمجھا جائے۔ عمر کے مطابق رسائی، خطرناک مواد کی روک تھام، کمپنیوں کی جواب دہی، والدین کی تربیت، اسکولوں میں ڈیجیٹل تعلیم اور مؤثر شکایتی نظام ایک جامع حکمتِ عملی کا حصہ ہونے چاہئیں۔

انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کو بچوں کی زندگی سے مکمل طور پر الگ کرنا آسان نہیں۔ ٹیکنالوجی مزید آگے بڑھے گی اور مصنوعی ذہانت سمیت نئے ذرائع بچوں کی زندگی کا حصہ بنیں گے۔ اس لیے بچوں کو صرف روکنا نہیں، بلکہ محفوظ اور ذمہ دار ڈیجیٹل شہری بنانا بھی ضروری ہے۔

بچوں کا تحفظ اور ان کی تعلیم و ترقی ایک دوسرے کے مخالف نہیں۔ سوشل میڈیا خطرات ضرور رکھتا ہے، مگر درست رہنمائی کے ساتھ یہ علم، تخلیق اور مواقع کے دروازے بھی کھول سکتا ہے۔ اصل کامیابی بچوں کو ڈیجیٹل دنیا سے دور رکھنے میں نہیں، بلکہ انہیں دنیا کے خطرات سے بچاتے ہوئے اس کے مفید پہلوؤں سے فائدہ اٹھانے کے قابل بنانے میں ہے۔ پابندی بعض حالات میں ضروری ہو سکتی ہے، مگر مستقل حل حکومت، والدین، تعلیمی اداروں اور ٹیکنالوجی کمپنیوں کی مشترکہ ذمہ داری سے ہی ممکن ہوگا۔

گورنرراج، گڈ گورننس اور عوامی توقعات

تحریر: شیخ نزیر مانسہرہ

مانسہرہ سمیت ہزارہ بھر میں گڈ گورننس کے نام پر تجاوزات کے خلاف جاری کارروائیوں نے عوام میں کسی حد تک یہ امید ضرور پیدا کی ہے کہ اگر حکومتی رٹ اسی تسلسل، غیر جانبداری اور قانون کے یکساں نفاذ کے ساتھ برقرار رہی تو شہری مسائل میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے ماحول میں عوام کی نظریں اب محض انتظامی تبدیلیوں پر نہیں بلکہ ان کے عملی نتائج پر لگی ہوئی ہیں۔ عام شہری یہ دیکھنا چاہتا ہے کہ حکومتی اقدامات سے اس کی روزمرہ زندگی میں کیا بہتری آتی ہے، مہنگائی کتنی کم ہوتی ہے اور سرکاری اداروں سے اسے کتنا ریلیف ملتا ہے۔ مانسہرہ شہر سمیت ہزارہ کے مختلف علاقوں میں تجاوزات ایک دیرینہ مسئلہ بن چکی ہیں۔ بازاروں، سڑکوں، فٹ پاتھوں اور دیگر عوامی مقامات پر تجاوزات کے باعث نہ صرف ٹریفک کا نظام متاثر ہوتا ہے بلکہ پیدل چلنے والوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایسے میں انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز کارروائی بلاشبہ ایک خوش آئند قدم ہے۔ اگر یہ کارروائیاں کسی دباؤ، پسند و ناپسند اور سیاسی مصلحت سے بالاتر ہو کر مستقل بنیادوں پر جاری رہیں تو شہروں کی خوبصورتی بحال ہونے کے ساتھ ٹریفک اور آمدورفت کے مسائل میں بھی خاطر خواہ کمی آ سکتی ہے۔ تاہم گڈ گورننس کا مفہوم صرف تجاوزات ہٹانے تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔ اچھی حکمرانی کا اصل امتحان اس وقت ہوتا ہے جب ایک عام شہری کو بازار، ہسپتال، تھانے، پٹوار خانے، تحصیل، بلدیاتی ادارے اور دیگر سرکاری دفاتر میں بغیر سفارش اور غیر ضروری انتظار کے ریلیف ملے۔ عوام کو محسوس ہونا چاہیے کہ سرکاری ادارے ان کی خدمت کے لیے موجود ہیں اور قانون کا اطلاق کمزور اور طاقتور دونوں پر یکساں ہوتا ہے اس وقت عام آدمی کا سب سے بڑا مسئلہ مہنگائی اور بڑھتے ہوئے گھریلو اخراجات

ہیں۔ آٹا، چینی، گھی، سبزیاں، دالیں، گوشت، ادویات اور دیگر بنیادی ضروریات کی قیمتوں میں اضافے نے متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ اگر حکومت واقعی عوام کا اعتماد بحال کرنا چاہتی ہے تو اسے انتظامی کارروائیوں کے ساتھ مہنگائی کے خلاف بھی مؤثر حکمتِ عملی اپنانا ہوگی۔ سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام اور بازاروں کی باقاعدہ نگرانی ضروری ہے۔ خصوصاً مانسہرہ اور ہزارہ میں صحت کی سہولیات، ٹریفک، صفائی، پینے کے صاف پانی، سرکاری دفاتر میں عوامی شکایات کے ازالے اور بنیادی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو ترجیح دینا ہوگی۔ ہسپتالوں میں ادویات اور ضروری طبی سہولیات کی دستیابی یقینی بنانا بھی گڈ گورننس کا بنیادی حصہ ہے۔ محض دوروں اور اجلاسوں کے بجائے ان کے نتائج عام شہری تک پہنچنا ضروری ہیں۔ اسی طرح تجاوزات کے خلاف آپریشن کی قیمتوں میں اضافے نے متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ اگر حکومت واقعی عوام کا اعتماد بحال کرنا چاہتی ہے تو اسے انتظامی کارروائیوں کے ساتھ مہنگائی کے خلاف بھی مؤثر حکمتِ عملی اپنانا ہوگی۔ سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام اور بازاروں کی باقاعدہ نگرانی ضروری ہے۔ خصوصاً مانسہرہ اور ہزارہ میں صحت کی سہولیات، ٹریفک، صفائی، پینے کے صاف پانی، سرکاری دفاتر میں عوامی شکایات کے ازالے اور بنیادی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو ترجیح دینا ہوگی۔ ہسپتالوں میں ادویات اور ضروری طبی سہولیات کی دستیابی یقینی بنانا بھی گڈ گورننس کا بنیادی حصہ ہے۔ محض دوروں اور اجلاسوں کے بجائے ان کے نتائج عام شہری تک پہنچنا ضروری ہیں۔ اسی طرح تجاوزات کے خلاف آپریشن مستقل اور غیر جانبدار ہونا چاہیے۔ کمزور ٹھیلے والوں کو ہٹا کر بااثر دکانداروں کو چھوڑ دینا عوام میں مایوسی پیدا کرتا ہے۔ قانون سب کے لیے برابر ہونا چاہیے اور بڑے و بااثر تجاوزات کنندگان کے خلاف بھی وہی کارروائی ہونی چاہیے جو ایک عام دکاندار کے خلاف ہوتی ہے۔ جہاں ممکن ہو، ریڑھی بانوں اور چھوٹے کاروبار کرنے والوں کے لیے متبادل اور باقاعدہ جگہوں کا تعین کیا جائے تاکہ شہر کا نظم بھی برقرار رہے اور غریب کا روزگار بھی مکمل طور پر متاثر نہ ہو۔ مانسہرہ سمیت پورے ہزارہ کے عوام انتظامیہ سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ تجاوزات کے خلاف موجودہ سرگرمی وقتی مہم ثابت نہیں ہوگی بلکہ مستقل اصلاحات کا نقطِ آغاز بنے گی۔ اگر بازاروں میں سرکاری نرخ نافذ ہوں، ہسپتالوں میں علاج میسر ہو، سرکاری دفاتر میں رشوت اور غیر ضروری تاخیر کا خاتمہ ہو، سڑکوں اور فٹ پاتھوں کو تجاوزات سے پاک رکھا جائے اور شکایات پر فوری کارروائی ہو تو یہی حقیقی معنوں میں گڈ گورننس ہوگی۔ گورنر راج ہو یا کوئی بھی دوسرا انتظامی نظام، عوام کے نزدیک اس کی کامیابی کا معیار صرف اعلانات، اجلاس اور آپریشن نہیں بلکہ عملی ریلیف ہے۔ ایک مزدور، دکاندار، سرکاری ملازم، طالب علم اور عام گھرانے کو اگر اپنی روزمرہ زندگی میں بہتری محسوس ہوتی ہے تو حکومت اور انتظامیہ پر اعتماد خود بخود بحال ہونے لگتا ہے۔ لہٰذا موجودہ صورتحال میں تجاوزات کے خلاف اقدامات کو ایک مثبت آغاز قرار دیا جا سکتا ہے، مگر اصل ضرورت اس دائرہ کار کو مہنگائی کے خاتمے، صحت و تعلیم کی۔ بہتری، صفائی، ٹریفک نظم و ضبط، سرکاری اداروں کی جواب دہی اور فوری عوامی ریلیف تک وسیع کرنے کی ہے۔ اگر قانون کی حکمرانی کے ساتھ عوامی مشکلات کے حل کو اولین ترجیح دی گئی تو مانسہرہ سمیت ہزارہ بھر کے شہری واقعی محسوس کر سکیں گے کہ انتظامی تبدیلی صرف کاغذوں تک محدود نہیں بلکہ اس کے ثمرات ان کی دہلیز تک پہنچ رہے ہیں۔

مانسہرہ، میجر راشد زیب اور سرور زیب کے کزنز کی تقریبِ ازدواج

دی ایڈن مارکی مانسہرہ میں شادی کی تقریب، سیاسی و سماجی شخصیات کی شرکت

مانسہرہ (نمائندہ خصوصی) مانسہرہ میں میجر راشد زیب اور سرور زیب کے کزنز، بلال مسکین اور عادل اقبال کی شادی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں علاقے کی معروف سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات سمیت عزیز و اقارب اور دوست احباب نے شرکت کی۔ شادی کی تقریب میں نوابزادہ صلاح الدین، حاجی ابرار، نعیم سخی، فہد حبیب، محسن اعوان، نادر خان، سعید احمد، ملک علی، وحید انجم، ڈاکٹر ریاض، ایس پی شہنواز اور اسسٹنٹ کمشنر سمیت دیگر معززین شریک ہوئے۔ معزز مہمانوں نے دولہا بلال مسکین اور عادل اقبال کو شادی کی مبارک باد پیش کی اور ان کے نئے ازدواجی سفر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تقریب خوشگوار اور پروقار ماحول میں منعقد ہوئی، جہاں شرکا نے باہمی ملاقاتوں اور خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔ تقریب کے اختتام پر دونوں خاندانوں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا اور دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ ازدواجی زندگی کو محبت، خوشیوں اور خیر و برکت سے بھر دے۔

روزنامہ شمال، ایبٹ آباد کی انتظامیہ

ڈپٹی ایڈیٹر روزنامہ شمال کراچی

حاجی محمد مشتاق قریشی

اور ان کے صاحبزادے نبیل قریشی

کو عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر

دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں

اللہ تعالیٰ عمرہ قبول فرمائے

اور صحت و سلامتی عطا فرمائے۔ آمین

PIPS School System
25 YEARS OF EXCELLENCE
SALHAD CAMPUS
Coming Soon
P.G to Grade 3
Oxford Syllabus Design
Activity & Project based Curriculum
Affordable Quality Education

اطلاعِ عام

میرے والد سید افضل شاہ ولد سید پیر احمد شاہ فوت ہو چکے ہیں جنکے شرعی وارثان میں بیوہ بی بی خانساء پسر سید عطاء اللہ شاہ جبکہ دختران میں صائمہ بخاری، سمیہ بخاری، صباء بخاری، حفصہ بخاری شامل ہیں انکے علاوہ کوئی وارث نہیں۔ اگر کسی کو اعتراض ہو تو حلقہ پٹوار سے رابطہ کرے

سید عطاء اللہ شاہ ولد سید افضل شاہ
مرحوم ساکنہ سیریاں آہل بٹل مانسہرہ

اطلاعِ عام

میرے دادا سید پیر احمد شاہ ولد مدد شاہ فوت ہو چکے ہیں جنکے شرعی وارثان میں پسران سید افضل شاہ، سید ریاض علی شاہ جبکہ دختران میں بی بی شمشاد بی بی، دلشاد بی بی شفاعت شامل ہیں انکے علاوہ کوئی وارث نہیں اگر کسی کو اعتراض ہو تو حلقہ پٹوار سے رابطہ کرے۔

المشتہر سید عطاء اللہ شاہ ولد سید افضل شاہ
مرحوم ساکنہ سیریاں آہل بٹل مانسہرہ

عاق نامہ

میں محمد ندیم احمد ولد عبدالرزاق سکنہ دیسال محلہ جوگن تحصیل و ضلع ایبٹ آباد جو میرا حقیقی بیٹا ہے جسکو بوجہ نافرمانی اور دھوکہ دہی جو اس نے میرے بیٹوں یاسر محمود اور دیگر لوگوں سے کی ہے میں نے عاق کر دیا ہے مذکورہ سے میرا یا میرے بیٹے یا ہر محمود کا کوئی رابطہ واسطہ نہ ہے اور اسکے کسی بھی لین دین، سودا معاہدہ، گارنٹی، ذمہ داری نہ ہے۔

امتیاز بی بی زوجہ عبدالرزاق، یاسر محمود
ولد عبدالرزاق ساکنان دیسال محلہ
جوگن تحصیل و ضلع ایبٹ آباد

---

1 بقیہ

بنگلے میں تبدیل، گورنر خیبر پختونخوا سے شفاف انکوائری کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ہری پور کے یونین کونسل ناڑہ آمازئی کے گاؤں کھڑی شاہ محمد گورنمنٹ مڈل سکول کی خستہ حال عمارت نے سرکاری فنڈز کے استعمال پر سنگین سوالات کھڑے کر دیے چھتوں سے پلستر گر چکا ہے، سریا نمایاں ہو چکا ہے، کھڑکیاں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں جبکہ بارشوں کی سیم نے عمارت کا رنگ و روغن بھی تباہ کر دیا ہے سکول کی عمارت کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے، مگر افسوس کہ طلبہ کو محفوظ تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے بجائے عمارت مسلسل زبوں حالی کا شکار ہے مانیٹرنگ رپورٹ کے مطابق 2014 سے 2026 تک سکول میں مختلف کاموں کے لیے مجموعی طور پر 40 لاکھ روپے مختلف کاموں پر خرچ ہوئے ہیں، سکول کی عمارت کو 2016 میں ڈی مالش لسٹ میں شامل کیا گیا تھا، اس کے باوجود گزشتہ کئی سال سے پی ٹی سی فنڈز کے ذریعے مرمت کے نام پر فنڈز جاری ہوتے رہے، لیکن عمارت کی حالت بہتر ہونے کے بجائے مزید خراب ہوتی چلی گئی عوامی حلقوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر سرکاری خزانے سے جاری ہونے والی رقم کا بڑا حصہ بھی عمارت کی مرمت پر خرچ کیا جاتا تو آج سکول اس بدترین حالت سے دوچار نہ ہوتا۔ آخر وہ کون سے کام تھے جن پر لاکھوں روپے خرچ کیے گئے؟ ان کاموں کا معیار کیا تھا اور ان کی نگرانی کس نے کی؟ عوام نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ گورنمنٹ مڈل سکول گڑھی شاہ محمد کے نام پر جاری ہونے والے تمام فنڈز، اخراجات، بلوں اور مانیٹرنگ رپورٹس کی جانچ پڑتال کے لیے غیر جانبدارانہ تحقیقاتی کمیٹی قائم کی جائے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے۔

2 بقیہ

ملازمین، خواتین، بزرگوں اور دیگر مسافروں کے لیے بس اڈوں پر انتظار کے دوران سہولتیں اہمیت رکھتی ہیں۔ مسافروں کو موسم کی شدت سے بچانے کے لیے چھت دار انتظار گاہ، صاف ستھرے واش رومز اور پینے کے پانی کی فراہمی کے ساتھ روانگی کے اوقات اور کرایوں سے متعلق واضح معلومات بھی میسر ہونی چاہئیں۔ ٹرانسپورٹ اڈوں پر کرایوں کی منظور شدہ فہرست نمایاں جگہ پر آویزاں ہونے سے مسافروں کو مقررہ کرایوں سے آگاہی مل سکتی ہے، جبکہ زائد کرایہ وصول کیے جانے کی صورت میں شکایت کے مؤثر نظام کی موجودگی بھی ضروری ہے۔ اسی طرح خواتین، بچوں اور معذور افراد کے لیے مناسب انتظار گاہوں اور دیگر سہولتوں کی دستیابی کو بھی اہمیت دی جانی چاہیے۔ متعلقہ بلدیاتی اداروں، ضلعی انتظامیہ اور ٹرانسپورٹ حکام کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے دائرہ اختیار میں آنے والے بس اڈوں کی سہولتوں، صفائی اور انتظامی امور کا معائنہ کریں۔ اس سلسلے میں یہ معلوم کرنا بھی ضروری ہے کہ واش رومز کی دیکھ بھال، پینے کے پانی کی فراہمی اور انتظار گاہوں کے انتظامات کا ذمہ دار کون سا ادارہ ہے اور ان سہولتوں کی نگرانی کس طریقے سے کی جاتی ہے۔ عوامی مفاد کے پیش نظر جنرل بس اسٹینڈ ایبٹ آباد، ہری پور اور مانسہرہ سمیت ہزارہ کے دیگر اہم ٹرانسپورٹ اڈوں کا تقابلی سروے کرانے، سہولتوں کی موجودہ صورتِ حال سامنے لانے اور خامیوں کی نشاندہی کے بعد اصلاحی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ مسافروں کو بہتر، محفوظ اور باعزت سفری ماحول فراہم کیا جا سکے۔

3 بقیہ

اطلاعات کے مطابق واقعے کے دوران راستہ روک کر حملہ کیا گیا۔ واقعے کے خلاف متعلقہ حکام سے رابطہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں کل بروز پیر صبح 10 بجے ڈپٹی کمشنر آفس ایبٹ آباد میں ڈپٹی کمشنر سے باضابطہ ملاقات کر

03 :صفحہ نمبر ۔۔۔

ہزارہ قومی محاذ پاکستان لیبر ونگ ضلع ، تحصیل، اور سٹی ایبٹ آباد کی تنظیموں کا اعلان

پٹرولیم لیوی کم نہ ہوئی تو اسلام آباد مارچ ہوگا، عبدالرزاق عباسی

امیر جماعت اسلامی ہزارہ کا مہنگائی اور عوام دشمن ٹیکسوں کے خلاف احتجاجی تحریک کا اگلا مرحلہ شروع کرنے کا اعلان

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) امیر جماعت اسلامی ہزارہ عبدالرزاق عباسی نے حکومت سے پٹرولیم لیوی میں فوری کمی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی کے ستائے عوام کو ریلیف فراہم نہ کیا گیا تو احتجاجی تحریک کا اگلا مرحلہ اسلام آباد (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2 8)

موسیٰ زئی کا لونی میر پور میں خورشید خان جدون وفات پا گئے

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) موسیٰ زئی کا لونی میر پور ایبٹ آباد میں فیضان خان جدون کے والد محترم خورشید (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2 7)

ہری پور میں متنازعہ اراضی پر تصادم، خواتین سمیت متعدد زخمی

چک شاہ محمد میں زمین پر ہل چلانے سے روکنے پر جھگڑا، پولیس کی قانونی کارروائی جاری

ہری پور (نمائندہ شمال) چک شاہ محمد میں متنازعہ اراضی پر تصادم، خورشید انور خان کے مبینہ ہرکاروں کا حملہ، خواتین سمیت متعدد افراد زخمی 15 سے 20 افراد 3 ٹریکٹرز کے ہمراہ اراضی پر ہل چلانے پہنچے، روکنے پر حملہ، چادر وچار (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2 6)

مانسہرہ ، مرکزی صدر انجمن پٹواریان و قانون گویان سرفراز عباسی ضلعی صدر و دیگر مشاورتی اجلاس میں شریک

ہری پور میں پی ٹی آئی والوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

ہزارہ بھر میں پی ٹی آئی عہدیداران اور سرگرم کارکن دوبارہ غائب ہونا شروع ہوگئے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) حکومت کی جانب سے چند روز کی خاموشی کے بعد ہری پور میں پی ٹی آئی والوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن ، ہزارہ بھر میں پی ٹی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2 1)

مانسہرہ پولیس کی جانب سے ہوٹلوں کے خلاف کریک ڈاؤن

ریکارڈ اور سی سی ٹی وی انتظامات کی جانچ، خلاف ورزیوں پر قانونی کارروائی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) مانسہرہ پولیس کا رات گئے ہوٹلوں میں سرچ اینڈ اسپیکشن آپریشن، خلاف ورزیوں پر مقدمات درج ڈی پی او مانسہرہ محمد وقاص (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2 2)

تورغر' 17 سالہ خاندانی دشمنی دوستی اور بھائی چارے میں تبدیل

اصلت خیل قوم کے مشران کی کوششیں کامیاب، ماموں زاد اور خالہ زاد خاندانوں نے ایک دوسرے کو معاف کر دیا

تورغر (نمائندہ شمال) ضلع تورغر قوم اصلت خیل کے مشران کا ایک کامیاب جرگہ ماموں زاد اور خال زاد بھائی دو خاندانوں کی آپس میں سترہ سالہ دشمنی کو امن بھائی چارے دوستی میں تبدیل ضلع تورغر تحصیل دوڑ میرا گاؤں چم گڑنوں کے اصلتخیل قوم نے فریق اول مرحوم صالحین اور ان کے بیٹے انعام الحق عرف انعام باچہ اور ظاہر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2 3)

مانسہرہ واٹر سپلائی منصوبے کی تکمیل کے لیے انتظامیہ متحرک

ڈی سی سے ملاقات میں ارب روپے کے آبی منصوبے اور قبرستان کی تعمیر سمیت ترقیاتی امور پر گفتگو

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر+ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مسلم لیگ ن ضلع مانسہرہ کی قیادت نے نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر مانسہرہ یاسر علی خان سے ملاقات کی جس میں ضلع کے جاری ترقیاتی منصوبوں، امن و امان کی صورتحال اور عوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں سید جنید علی قاسم، ملک ظہیر تنولی، ضیا عمر کواڈینٹر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

بیرن گلی سے دیوان سرتک 14 قدرتی حسن کے دلکش نظارے

ہائیکنگ، گھنے جنگلات، شفاف جھرنوں، سرسبز میدانوں اور جوگی مار آبشار نے شرکا کو مسحور کر دیا

ایبٹ آباد (خصوصی رپورٹ) جنگلات کی گھنی چھاؤں، کوہساروں کی ٹھنڈی ہواؤں، پرندوں کی چہچہاہٹ اور شفاف جھرنوں کی گونج میں رننگ اینڈ ہائیکنگ کلب پاکستان (RHCP) کی بیونڈ ایبٹ آباد پڈن ٹریلز سیریز کے تحت بیرن گلی سے دیوان سرتک 14 کلومیٹر طویل لوپ ٹریل مکمل کیا گیا۔اس ہائیک کے دوران شرکا نے ہزارہ کے قدرتی حسن سے مالا مال ایسے دلکش مقامات دیکھے جو سیاحتی توجہ اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2 5)

آئس فروشوں اور سہولت کاروں کو نہیں چھوڑیں گے، ایس پی کینٹ

نشیات کے خاتمے کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل، کینٹ سرکل کو جرائم سے پاک کرنے اور نوجوان نسل کو نشے سے بچانے کے عزم کا اظہار

ایبٹ آباد (وقاص باکسر سے) ایبٹ آباد ایس پی کینٹ اشتیاق خان نے کہا کہ منشیات فروشوں اور خصوصا آئس فروشوں کو نہیں چھوڑا جائے گا ان کے سہولت کاروں کو بھی سخت سے سخت سزا ہیں دوں گا منشیات کی روک تھام کیلیے ہر ممکنہ کوششیں کروں گا منشیات کے سوداگروں کی گرفتاریوں کیلیے ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں کینٹ سرکل کو ہر جرائم سے پاک کروں گا انہوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2 9)

ایبٹ آباد میں بریسٹ کینسر سے آگاہی کے لیے تقریب

شوکت خانم کینسر ہسپتال کے اشتراک سے ٹوگیدر اگینسٹ بریسٹ کینسر کا انعقاد

ایبٹ آباد (بیورو رپورٹ) چھاتی کے سرطان سے متعلق آگاہی اجاگر کرنے اور اس کی بروقت تشخیص کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے ایبٹ آباد میں شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اینڈ ریسرچ سینٹر (SKMCH) کے اشتراک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 1)

21 ویں شیراز شہید میموریل کرکٹ سیریز 2026ء چھتر پلین کا افتتاح آج ہوگا

مانسہرہ (سپورٹس نیوز) 21 ویں شیراز شہید میموریل کرکٹ سیریز 2026 چھتر پلین کا آج سے آغاز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 0)

مانسہرہ' اسلامک ہومیو پیتھک ایسوسی ایشن ضلع مانسہرہ کے زیر اہتمام ماہانہ اجلاس سے ڈاکٹر سلطان محمد و دیگر خطاب کر رہے ہیں

ایک ویڈیو، موبائل گیلریوں میں صفائی کا طوفان

اے آئی کی مبینہ نگرانی کے تذکرے نے صارفین ہوشیار، لوگوں نے احتیاطاً اپنی اپنی گیلریاں کھنگالنا شروع کر دیں

ایبٹ آباد (خصوصی رپورٹ) این سی سی آئی اے کے ایڈیشنل ڈائریکٹر عاطف امیر سے منسوب ایک ویڈیو نے سوشل میڈیا پر ایسی ہلچل مچائی کہ موبائل فون استعمال کرنے والوں کو اپنی گیلریاں یاد آ گئیں۔ ویڈیو میں مبینہ طور پر مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعے موبائل فونز میں مخصوص مواد کی نشاندہی اور متعلقہ اداروں کو اطلاع دینے کے ممکنہ نظام کا ذکر کیا گیا، جس کے بعد سوشل میڈیا پر طنز و مزاح کا ایک نیا سلسلہ شروع ہو گیا۔ صارفین نے دلچسپ تبصروں میں دعویٰ کیا کہ ایک ویڈیو نے وہ کام کر دکھایا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 34)

ڈاکٹر محمد جنید کو ہیلتھ کیئر ایکسیلنس ایوارڈ 2026 سے نواز دیا گیا

آنکھوں کے علاج، سفید موتیے کے آپریشن اور مستحق مریضوں کی معاونت کے اعتراف میں اعزاز

بفہ، مانسہرہ، راولپنڈی (نمائندگان شمال) فخرِ پختونخوا ایوارڈ یافتہ، محبوب چیریٹی وژن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور سائٹ برج آئی ہسپتال اسلام آباد (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 2)

ایبٹ آباد میں مہنگی ایل پی جی فروخت کرنے پر متعدد دکانیں سیل

ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر انمول انور کا فلنگ اسٹیشنز اور دکانوں کا معائنہ

ایبٹ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد حمید اللہ خان کی ہدایات پر ایل پی جی کی مقررہ سرکاری نرخوں پر فروخت، بلاتعطل فراہمی اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 3)

مانسہرہ میں کسٹم کا چھاپہ، 50 لاکھ روپے کا غیر ملکی کپڑا ضبط

بیڈہ روڈ کے زیر پلازہ میں افغان شہری کے گودام پر کارروائی، غیر ملکی سامان کی مبینہ غیر قانونی تجارت

پھلڑہ (نمائندہ شمال) مانسہرہ میں افغان مہاجر محمد علی کے غیر ملکی کپڑے کے گودام پر کسٹم کا چھاپہ نصف کروڑ روپے مالیت کا کپڑا ضبط غیر قانونی تجارت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 5)

کھلابٹ سیکٹر نمبر 2 کے مختلف مقامات پر چوری کی 3 بڑی وارداتیں

چوری کی وارداتوں کے دوران تینوں متاثرہ افراد نے تھانہ کھلابٹ میں اطلاعی رپورٹ درج کروا دیں

کھلابٹ (نمائندہ خصوصی) کھلابٹ سیکٹر نمبر 2 کے مختلف مقامات پر چوری کی 3 بڑی وارداتیں نامعلوم چور گروہ رات کی تاریکی میں گھر کلینک اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 6)

حویلیاں صفدر خان جدون بابو جاوید اقبال شانی خان سلیم خان کے بیٹے حافظ عمر خان کی دستار بندی کی تقریب میں شرکت

ڈی ایچ کیو ایبٹ آباد پیرامیڈکس کا الیکشن جیتنے کے بعد صدر و سیکرٹری کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا جا رہا ہے

مانسہرہ ڈی سی یاسر علی خان سے ملک ظہیر تنولی کی درپیش عوامی مسائل بارے ملاقات

بابر نواز خان کی کاگ میں بابو اعجاز اور امجد سعید کی والدہ محترم کی نماز جنازہ میں شرکت

ہری پور: صنعتی یونٹس میں مبینہ جعلی بجلی میٹرز کا انکشاف

ہطار، ریحانہ اور میر پور میں چھوٹے کارخانوں کو بجلی کی فراہمی اور میٹرز کے قانونی ریکارڈ پر سوالات

ہری پور (کرائم رپورٹر) واپڈا ہری پور میں کھلے اور لوٹ مار دجنوں جعلی بجلی میٹروں کے ذریعے لاکھوں بجلی یونٹس چوری کئے جانے کا انکشاف، ذرائع کی خبر کے مطابق بدنام زمانہ بجلی فیڈر ہطار ریحانہ اور میر پور میں سینکڑوں چھوٹے صنعتی یونٹس کام کر رہے ہیں جن میں سوڈا واپڈا پلانٹ، کڑھائی سلائی پلانٹ اور پاپڑ تیار کرنے والے پلانٹ شامل ہیں، واپڈا ذرائع سے ملنے والی خبر کے مطابق مذکورہ صنعتی یونٹس گورنمنٹ کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 7)

بجلی کی بار بار بندش اور ٹرپنگ نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا

غیر اعلانیہ بندش سے گھریلو صارفین، طلبہ، کاروباری طبقے اور بیمار افراد بری طرح متاثر ہو رہے ہیں

خصوصیارات کے وقت بجلی کی بار بار بندش اور ٹرپنگ نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے، بجلی کی غیر اعلانیہ بندش سے گھریلو صارفین، طلبہ، کاروباری طبقے اور بیمار افراد بری طرح متاثر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 8)

ایبٹ آباد، رزقِ حلال پر قناعت، باعزت زندگی کی ضمانت ہے

خواہشات کو حلال کمائی تک محدود، ناجائز ذرائع حاصل دولت سے عزت، کردار اور مستقبل تباہ

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) نوجوان نسل اپنی خواہشات کو اپنی حلال کمائی کے دائرے میں رکھے، کیونکہ ناجائز خواہشات کی تکمیل کے لیے چوری، دھوکہ دہی، فراڈ، رشوت اور منشیات فروشی جیسے جرائم کا راستہ اختیار کرنا نہ صرف انسان کی عزت و وقار کو نقصان پہنچاتا ہے بلکہ اسے جیل اور پشیمانی کی زندگی میں بھی دھکیل سکتا ہے۔لہذا خواہشات محدود، کردار بلند اور رزقِ حلال پر قناعت اختیار کریں۔کم وسائل میں عزت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3 9)

غازی قتل کیس، ملزم عدم ثبوت پر باعزت بری

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج ظفر اللہ خان نے فیصل رحمان کے خلاف مقدمے کی سماعت کے بعد فیصلہ سنا دی

ہری پور (کورٹ رپورٹر) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج غازی ظفر اللہ خان نے قتل کے مقدمہ میں عدم ثبوت کی بناء ملزم کو باعزت بری کر دیا، ملزم کی جانب سے مقدمہ کی پیروی معروف قانون دان عثمان سلیم نے کی ،واقعہ کے مطابق تحصیل غازی گاؤں جھامرہ میں قتل کی واردات ہوئی جس میں حکیم خان ولد شیر محمد ساکنہ جھامرہ غازی کو بڑی بے دردی سے قتل کر دیا گیا تھا اس قتل کیس میں مقتول کے بھائی کی جانب سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 0)

سردار شاہ جہان یوسف ابرار خان، ڈی ایف او کاغان کے والدِ محترم کی وفات پر ڈوہوڈیال میں ان کی رہائش گاہ پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

عدالت کے باہر اسٹامپ فارم مہنگے داموں فروخت کا تاحال نوٹس نہ لیا جا سکا

ہر سٹاپ فام کے ساتھ 150 روپے اضافی وصول کیے جانے لگے، ڈی سی ہری پور سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

ہری پور (بیورو رپورٹ) عدالت کے باہر اسٹامپ فارم مہنگے داموں فروخت کا تاحال نوٹس نہ لیا جا سکا ہر سٹاپ فام کے ساتھ 150 روپے اضافی وصول (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 1)

واپڈا کی طرف سے ظالمانہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بدستور جاری

عام دنوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ بندش اور کم وولٹیج نے عوام کا جینا حرام کر دیا

ہری پور (جنرل رپورٹر) ہری پور کے نواحی گاؤں موضع جٹی پنڈ کے ساتھ ساتھ گردونواح کے مواضعات میں واپڈا کی طرف سے ظالمانہ لوڈشیڈنگ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 2)

نسیم خان داوڑ کی ڈپٹی کمشنر بٹگرام گوہر علی خان سے ملاقات

نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی، مسائل پر بھی گفتگو

بٹگرام (نمائندہ شمال) نسیم خان داوڑ کی ڈپٹی کمشنر بٹگرام گوہر علی خان سے ملاقات، مبارکباد اور عوامی مسائل پر تبادلہ خیال، سماجی و عوامی رہنما محمد نسیم خان داوڑ کوزہ بانڈہ قوت خان نے بٹگرام میں نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 3)

نواز شریف نے مسلم لیگ ن کو عوامی امیدوں کی جماعت بنایا، صلاح الدین

موٹر وے، سی پیک، میٹرو، تعلیمی وظائف اور روزگار کے منصوبے نواز شریف کے دور کی نمایاں مثالیں ہیں

بجنہ (نامہ نگار) میاں محمد نواز شریف نے مسلم لیگ ن کو عوام کے اعتماد اور امیدوں والی جماعت بنا دیا تھا۔یہ بات سینیئر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے گزشتہ روز نوجوانوں کے ایک وفد سے ملاقات کے بعد (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 5)

چودہ سالوں میں کے پی کے کو تباہ کر کے رکھ دیا گیا

چودہ سالہ فتنہ کا خاتمہ ہونے سے اب عوام کو ریلیف فراہم ہوگا، شہزادی خان

پھلڑہ (نمائندہ شمال) چودہ سالوں میں کے پی کے کو تباہ کر کے رکھ دیا گیا چودہ سالہ فتنہ کا خاتمہ ہونے سے اب عوام کو ریلیف فراہم ہوگا شہزادی خان نے کہا ہے کہ چودہ سالوں میں کے پی کے کی عوام کو مایوسی اور کرپشن کے سوا کچھ نہ ملا گورنر راج ہونے پر صوبہ بھر کی عوام خوش (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

مہنگائی ہونے کے باوجود حکمران اپنی ترقی کو ملک کی ترقی قرار دے رہے ہیں

حکمران ٹی وی پر کہہ رہے ہیں کہ ملک ترقی کر رہا ہے حقائق اس کے برعکس ہیں، نوابزادہ فیاض احمد

پھلڑہ (نمائندہ شمال) آٹا گیس بجلی پٹرول اور روزمرہ ضرورت کی ہر چیز مہنگی ہونے کے باوجود حکمران اپنی ترقی کو ملک کی ترقی قرار دے رہے ہیں نوابزادہ فیاض احمد خان ٹاہلہ نے گزشتہ روز اپنے ڈیرہ پر نمائندین علاقہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکمران ٹی وی پر کہہ رہے ہیں کہ ملک ترقی کر رہا ہے جبکہ زمینی حقائق (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 8)

حاجی خورشید خان جدون کی وفات پر اظہار تعزیت

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) سلسلہ اویسیہ کے مرکزی ناظم اعلیٰ علامہ پیر تبسم بشیر اویسی نارووال سے لاہور میاں محمد حسن اور اسلام آباد سے ڈاکٹر محمد سلیم خان جدون، ایم این اے ڈاکٹر محمد اظہر خان اور ہالینڈ اسمیٹر ڈیم سے بشارت اعوان نے سینئر صحافی رشید خان جدون سے ان کے چھوٹے بھائی حاجی خورشید خان جدون کی وفات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 9)

ہری پور، گورنمنٹ سیٹلائٹ ماڈل ہائی سکول تربیلا ٹان شپ کی پاکستان کرکٹ انڈر 15 کی چیمپئن ٹیم کا سکول و آفیشلز کے ہمراہ گروپ فوٹو

مرتضیٰ جاوید عباسی کا قیامِ صوبہ ہزارہ پر اہم انٹرویو

سابق وفاقی وزیر کی کراچی آمد، فنڈز میں ہزارہ کے حصے سے متعلق اہم گفتگو

کراچی (خصوصی رپورٹ) سابق وفاقی وزیر مرتضیٰ جاوید عباسی نے قیامِ صوبہ ہزارہ کی تحریک اور خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد صوبے کو ملنے والی خطیر رقم میں ہزارہ کے حصے کے حوالے سے اہم گفتگو کی ہے۔ اپنے خصوصی انٹرویو (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 4)

ڈاکٹری پیشہ انسانیت کی خدمت ہے، ڈاکٹر زاہد حسین ربانی

ہومیو پیتھک شعبے سے وابستہ ڈاکٹرز، تنظیمی عہدیداران اور دیگر شخصیات نے شرکت کی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ڈاکٹری پیشہ انسانیت کی خدمت ہے، ہومیو پیتھک ڈاکٹرز کے مسائل کے حل اور حقوق کے تحفظ کیلئے مشترکہ جدوجہد جاری رکھیں گے، ڈاکٹر زاہد حسین ربانی و دیگر کا خطاب، تفصیلات کے مطابق سلامک ہومیو پیتھک میڈیکل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4 6)

ہری پور، گورنمنٹ سیٹلائٹ ماڈل ہائی سکول تربیلا ٹان شپ کی پاکستان کرکٹ انڈر 15 کی چیمپئن ٹیم کا سکول و آفیشلز کے ہمراہ گروپ فوٹو

کیٹل فیئر میں بڑی تعداد میں مویشی مالکان و خریداروں کی آمد

ٹی ایم اے کا عملہ میلے کے دوران موقع پر موجود رہ کر اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیتا رہا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر مانسہرہ یاسر علی خان کی ہدایت پر اور تحصیل میونسپل آفیسر بفہ پکھل مظہر مظفر اعوان خان کی نگرانی میں اتوار کو شینکیاری کیٹل فیئر میں عوام الناس، مویشی مالکان اور خریداروں کی سہولت کے لیے ٹی ایم اے بفہ پکھل کی جانب سے خصوصی انتظامات کیے گئے جبکہ ٹی ایم اے کا عملہ میلے کے دوران موقع پر موجود رہ کر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 50)

تاریخ اسلام کی عظیم شخصیات کی یاد تازہ رکھنا دینی و تاریخی ذمہ داری ہے

حضرت سیدنا محمد بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی یادگار پر پیر سید محی الدین محبوب کی حاضری و فاتحہ خوانی

ہری پور (نمائندہ شمال) تاریخ اسلام کی عظیم شخصیات کی یاد تازہ رکھنا دینی و تاریخی ذمہ داری ہے حضرت سیدنا محمد بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی یادگار پر پیر سید محی الدین محبوب کی حاضری و فاتحہ خوانی تفصیل کے مطابق نقیب الاشراف مفکر اسلام ابو زین پیر سید محی الدین محبوب حنفی قادری کاظمی ماتریدی سجادہ نشین خانقاہ محبوب (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5 1)

تھانہ بٹل پولیس نے رات گئے بائیسنگ کے مقام پر دوران گشت غیر قانونی لکڑی سے لوڈ گاڑی پکڑ لی

تھانہ بفہ کی حدود میں پولیس نفری کا لیڈیز پولیس کے ہمراہ سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن

ہوشیار باش / عوام الناس
مشتری
ہر عام و خاص کو مطلع کیا جاتا ہے کہ **ضیاء ری رولنگ ملز حطار ہریپور** جسکے اونر عماد نوید سے ہمارا اسٹیل فیکٹری میں تمام نیا، پرانا، اچھی و خستہ حالت میں موجود سکریپ کا پہلا معاہدہ **مورخہ 16 جون 2026** جبکہ دوسرا معاہدہ **مورخہ 27 جولائی 2026** کو مبلغ 50 کروڑ 50 لاکھ میں بزریعہ اسٹامپ پیپر طے ہوا اور یہ سکریپ ہم نے کراچی کی ایک پارٹی محبوب عالم ولد نیاز محمد خان و اقبال خان سے سکریپ کچھ حصہ 43 کروڑ کا معاہدہ طے ہوا اور معاہدہ کے مطابق محبوب عالم سے 40 کروڑ کے چیک اور 50 لاکھ نقد موقع پر وصول کیا گیا بعد ازاں اسٹیل فیکٹری اونر عماد نوید نے ہمارے معاہدہ کی خلاف ورزی، نوسر بازی کرتے ہوئے تمام خریدے گے سکریپ سے چوری سے کراچی کی پارٹی محبوب عالم سے خود ساز باز کر کے اس پر 15 کروڑ کا سکریپ فروخت کر دیا جو معاہدہ کی کھلم کھلا خلاف ورزی، فراڈ اور دھوکہ دہی کے زمرہ میں آتا ہے علاوہ ازیں دیگر جو کارآمد سامان ہیوی مشینری بھٹیاں ٹرانسفارمر و دیگر قیمتی سامان تھا جسے ہم نے سائیڈ پر رکھا ہوا تھا جس کی مالیت 15 سے 20 کروڑ بنتی تھی کو نوسر باز عماد نوید نے ہمیں اندھیرے میں رکھ کر دھوکہ دہی فراڈ سے مقامی طور ہریپور کی ایک **ری رولنگ کوہسار فیکٹری** پر فروخت کر دیا تاہم اس معاہدہ کی خلاف ورزی اور ہمارے ساتھ فراڈ کرنے والے تمام جن میں عماد نوید اونر ضیاء ری رولنگ ملز حطار ہریپور ہاش اسلام آباد، محبوب عالم ولد نیاز محمد خان ساکنہ محلہ حقانی کراچی غربی ، اقبال ولد فضل امین، محمد عثمان کوہسار ری رولنگ حطار ہریپور حکم خان ولد باچا کے خلاف **ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج محمد جمیل خان** کی عدالت سے ضیاء ری رولنگ ملز حطار سمیت غیر قانونی طریقہ سے سکریپ خریدنے والوں کے خلاف سٹے آرڈر لے لیا گیا ہے اور ڈی ایس پی سرکل خانپور و ایس ایچ او تھانہ حطار کو بھی کارروائی کے لیے درخواست دے دی گی ہے عدالتی سٹے کے بعد کوئی بھی اس فیکٹری سے سکریپ خریدے گا یا کوشش کرے گا یا کسی قسم کی بھی ساز باز کرے گا ہم ان کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں سختی سے تاکید کی جاتی ہے کہ جو بھی سکریپ خریدے گا وہ اپنے نفع نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا تمام سرکاری، غیر سرکاری، پرائیویٹ ادارے صنعت کار، سرمایہ کار نوٹ فرمالیں۔
نوٹ: یہ معاہدہ ابوزر احمد ولد محمد سرور سکنہ مکان نمبر 32 بلاک Y کالونی اوکاڑہ پنجاب پاکستان سے ہوا۔ رابطہ (0306,4777742)
منجانب۔ ایڈوکیٹ ملک ربنواز جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ہریپور 0334,9288285